RESOLUTION NO.39

اسلامی جمہوریہ پاکستان کا یہ معزز ایوان بالا اسرائیل رجیم کی تازہ شرمناک دھشت گردی کی شدید مزمت کرتا ہے جس میں عین حالت رکوع میں نماز فجر کے دوران اندھا دھند فائرنگ کے ذریعہ ۸۶ نمازیوں کو شہید اور ۳۰۰ کو شدید زخمی کیا گیا ۔

یہ شرمناک واقعہ اسرائیل رجیم نے ایک سوچے سمجھے " پلان " کے تحت " مسجد ابراہیمی" (جو "ہیبرون " شہر میں واقع ہے) میں ایک یہودی سپاہی کے ذریعہ فلسطینی روزہ دار مسلمانوں پر مسجد کے اندر حالت رکوع میں سفاکانہ انداز سے فائر کھول کر شہید کردیا۔ اس صدی کی سب سے بڑی شرمناک دھشت گردی ہے ۔ جس کی جتنی بھی مزمت کیجائے کم ہے ۔ قاتل نے اس موقع پر کئی بار اسلحہ لوڈ کیا ۔ مگر کسی نے اس کو روکنے کی کوشش تک نہیں کی ۔ جبکہ اس مذموم عمل کی مزمت اور شہداء کے نماز جنازہ میں شریک دیگر نہتے غمزدہ مسلمانوں کو بھی اسرائیلی فوجیو نے گولیوں کا نشانہ بنایا ۔ جبکہ امریکہ اور اس کے پالتو اسرائیل عالمی سطح پر امن و امان کا ڈھنڈورہ پیٹ رہا ہے ۔ اور فلسطینیوں کو " امن" کا واسطہ دیکر " معاہدہ " پر مجبور کر رہا ہے ۔ عین روزہ اور عبادت گاہ میں عبادت کے دوران نہتے نمازیوں پر درندگی اور بربریت سے انسانی بنیادی حقوق کی بھی سنگین خلاف ورزی ہوئی ہے ۔ اس قرار داد کو منظور کر کے ۔ تمام بین الاقوامی اداروں کو بھیج جائے ۔

Jointly Moved by Senators Hafiz Hussain Ahmed and Syed Iqbal Haider, Unanimously Passed by the House on 27th February, 1994